## ملک کوایک نئی، دیانتداراورمڈل کلاس قیادت کی ضرورت ہے۔الطاف حسین

## دنیااس حقیقت کوسمجھ رہی ہے کہ مڈل کلاس قیادت ہی ملک وقوم کی صحیح رہنمائی کرسکتی ہےاور ملک کوترقی کی راہ پرگامزن کرسکتی ہے

## اپنے عمل وکرداراورحق پرستانہ پیغام کی بدولت ایم کیوایم آج ملک بھر کےمحروم عوام کی امیدوں کا مرکز بن گئی ہے

## میری جدوجہد کا مقصد صدریاوزیراعظم بننانہیں بلکہ میں محروم ومظلوم عوام کیلئے جائزحقوق اوران کی نسلوں کے بہترمستقبل کیلئے جدوجہدکررہاہوں۔الطاف حسین

کراچی۔۔۔23 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم آج ملک بھر کےمحروم عوام کی امیدوں کا مرکز بن گئی ہے اوردنیابھی اس حقیقت کوسمجھ رہی ہے کہ ملک کوایک نئی، دیانتداراورمڈل کلاس قیادت کی ضرورت ہےاورمڈل کلاس قیادت ہی ملک وقوم کی صحیح رہنمائی کرسکتی ہےاور ملک کوترقی کی راہ پرگامزن کرسکتی ہے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم سے تعلق رکھنے والے آزادکشمیرقانون سازاسمبلی کےنومنتخب ڈپٹی اسپیکرسلیم بٹ سے فون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی جوڈپٹی اسپیکرمنتخب ہونے کے بعدمبارکبادکیلئے ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروپہنچے تھے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہےجس نے مڈل کلاس سے جنم لیا،جس کی قیادت اورتمام منتخب نمائندےغریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں جن کی جدوجہد کا مقصد ذاتی مفادات کاحصول نہیں بلکہ دیانتداری اورایمانداری سےعوام کی بلاامتیازخدمت کرنا ہے۔انہوں نےسٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کی مثال پیش کرتے ہوئے کہاکہ کراچی میں سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نےمختصرعرصہ میں بڑے پیمانے پرتعمیروترقی کے کاموں اورعوامی خدمت کےمثالی کارناموں کے ذریعےشہرکانقشہ بدل کررکھ دیاہےاورآج دنیاایم کیوایم کےعوامی نمائندوں کوانکے ناموں کے بجائے کاموں سے پہچانتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ اپنے عمل وکرداراورحق پرستانہ پیغام کی بدولت آج ملک بھر کےمحروم عوام ایم کیوایم کی طرف دیکھ رہے ہیں اوردنیابھی اس حقیقت کو سمجھ رہی ہے کہ ملک کوایک نئی، دیانتداراورمڈل کلاس قیادت کی ضرورت ہے جوذاتی مفادات سے بالاترہوکیونکہ دیانتداری سےعوام کی خدمت کرنے والی مڈل کلاس قیادت ہی ملک وقوم کی صحیح رہنمائی کرسکتی ہےاور ملک کوترقی کی راہ پرگامزن کرسکتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ مجھےاپنی ذات کیلئے نہ کل کچھ چاہیےتھااورنہ آج کچھ درکار ہے،میری جدوجہد کا مقصد صدریاوزیراعظم بننانہیں بلکہ میں محروم ومظلوم عوام کیلئے جائزحقوق اوران کی نسلوں کے بہترمستقبل کیلئے جدوجہدکررہاہوں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کےرکن اسمبلی سلیم بٹ کوآزادکشمیرقانون سازاسمبلی کاڈپٹی اسپیکرمنتخب ہونے پردلی مبارکبادپیش کی اورانہیں تلقین کی کہ وہ اپنے منصب کواپنے ذاتی مفادات کیلئے استعمال کرنے کے بجائے کشمیری عوام کی دل وجان سے بلاامتیازخدمت کریں اوردیانتداری، ایمانداری اورفرض شناسی سےاپنے فرائض انجام دیں۔انہوں سلیم بٹ سے مزیدکہاکہ وہ غروروتکبرکواپنے پاس بھی نہ آنے دیں کیونکہ یہ دونوں چیزیں شیطان کے بھائی بہن ہیں۔جناب الطاف حسین نے ڈپٹی اسپیکرسلیم بٹ کوکامیاب بنانے پرآزادکشمیرکی تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، ارکان اسمبلی،آزادکشمیر کے وزیراعظم سرداریعقوب اوراسپیکرقانون سازاسمبلی شاہ غلام قادرکابھی دلی شکریہ ادا کیا۔انہوں نے ڈپٹی اسپیکر کےانتخاب میں سلیم بٹ کی کامیابی پرایم کیوایم آزادکشمیر کےتمام عہدیداروں،کارکنوں اورتمام حق پرست عوام کوبھی زبردست مبارکبادپیش کرتے ہوئے کہاکہ یہ کامیابی ایم کیوایم آزادکشمیر کےتمام کارکنوں، ذمہ داروں اورحق پرست کشمیریوں کی ثابت قدمی اورمستقل مزاجی سے کی جانے والی جدوجہد کی بدولت ہے۔اس موقع پرڈپٹی اسپیکرسلیم بٹ نے جناب الطاف حسین کویقین دلایا کہ وہ ان کےفکروفلسفہ اورتعلیمات پرعمل کرتے ہوئے ایمانداری اوردیانتداری سےاپنے فرائض انجام دیں گےاورعوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں گے۔

## کارکنان اورحق پرست عوام ایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزرعظمت بیگ کی صحتیابی کیلئے دعاکریں۔الطاف حسین کی اپیل

## رابطہ کمیٹی کےرکن طارق جاوید، یوکے جوائنٹ آرگنائزرفیض احمداورآرگنائزنگ کمیٹی کےارکان نے برمنگھم جاکرعظمت بیگ کی عیادت کی

لندن۔۔۔23 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزرعظمت بیگ کی علالت پرگہری تشویش کااظہارکیاہےاوردعاکی کہ اللہ تعالیٰ عظمت بیگ کوصحتِ کاملاں عطافرمائےاوران کی عمردرازفرمائے۔انہوں نےتحریک کےتمام کارکنوں اورحق پرست عوام سےاپیل کی کہ وہ عظمت بیگ کی صحتیابی کیلئے دعاکریں۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےرکن طارق جاوید،ایم کیوایم یوکے جوائنٹ آرگنائزرفیض احمداورآرگنائزنگ کمیٹی کےارکان نے برمنگھم جاکرعظمت بیگ کی عیادت کی۔انہوں نےعظمت بیگ کی خیریت دریافت کی اورانکی صحتیابی کی دعاکی۔واضح رہے کہ عظمت بیگ کچھ عرصہ سے گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے بزرگ کارکن سید ثقلین زیدی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 168 کے بزرگ کارکن سید ثقلین زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## اقلیتی برادری کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے خود کو محفوظ تصور کرتے ہیں، منوہر لعل
## حق پرست اقلیتی رکن قومی کی ڈھرکی میں سکھوں کے روحانی گرو گوبند سنگھ مہاراج کے جنم دن اور کندھ کوٹ میں ہندوؤں کے گرو باباٹیوں مہاراج کی برسی میں شرکت

ڈھرکی۔۔۔23، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منوہر لعل نے گزشتہ روز ڈھرکی میں سکھوں کے روحانی گرو گوبند سنگھ مہاراج کے 341ویں جنم دن کی تقریب میں شرکت کی اور سکھ برادری کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے گرو گوبند سنگھ مہاراج کے جنم دن کی مبارکباد پیش کی۔جنم دن کی تقریب میں سکھ برادری کے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج تحسین قریشی بھی موجود تھے۔انہوں نے سکھ برادری سے مکمل اظہار یکجہتی کیا۔اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم بلاتفریق ملک بھر کے 98 فیصد غریب عوام کی جماعت ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ اقلیتی عوام کے حقوق کا کھلے دل سے نہ صرف احترام کرتی ہے بلکہ ان کے حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بھی بلند کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ مذہبی اقلیتوں کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے عملی اقدامات کے باعث مذہبی اقلیتیں خود کو ایم کیوایم کے پرچم تلے محفوظ تصور کرتی ہیں اور ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔تقریب میں سکھ برادری کے نمائندوں نے ایم کیوایم کے رہنماؤں کی شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔دریں اثناء رکن قومی اسمبلی منوہر لعل نے کندھ کوٹ میں ہندوؤں کے گرو باباٹیوں مہاراج کی 33ویں برسی میں بھی شرکت کی اور ہندو برادری سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔برسی کی تقریب میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے دعا بھی کی گئی۔

## ادویات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیکر غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے، حق پرست سینیٹرز

کراچی۔۔۔23، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے ملٹی نیشنل کمپنیوں کی جانب سے ادویات کی قیمتوں میں 70 سے 80 فیصد تک اضافہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس اضافے کو غریب عوام پر مزید بوجھ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ رکھی ہے اور دوسری جانب ادویات کی قیمتوں میں اضافہ غریب عوام کے مسائل میں مزید اضافہ کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کا نہ صرف نوٹس لینا چاہئے بلکہ غریب عوام کو ریلیف دینے کیلئے عملی اقدامات بروئے کار لانے چاہئیں۔حق پرست سینیٹرز نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور غریب عوام کو مہنگائی کے بوجھ تلے دبانے کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے مثبت اور عملی اقدامات کئے جائیں۔

## حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی کی ڈی آئی جی ویسٹ سردار عبدالمجید سے ملاقات
## محرم الحرام کے موقع پر بہترین انتظامات کرنے پر اہلیان اورنگی کی جانب سے تشکر کا اظہار

کراچی ۔۔۔23، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اورنگی ٹاؤن سے حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی سید منظر امام، سید رضا حیدر اور مظاہر امیر نے گزشتہ روز ڈی آئی جی ویسٹ سردار عبدالمجید سے ملاقات کی اور محرم الحرام کے موقع پر بہترین انتظامات کرنے پر اپنی اور اہلیان اورنگی ٹاؤن کی جانب سے تشکر کا اظہار کیا۔ملاقات میں اورنگی ٹاؤن میں جرائم کی سرکوبی اور سماج دشمن سرگرمیوں کے خاتمے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس سلسلے میں انتظامات کو مزید مئوثر اور بہتر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ملا۔اس موقع پر سردار عبدالمجید نے محرم الحرام کے موقع پر پولیس وانتظامیہ کی کارکردگی کو سراہنے پر حق پرست نمائندوں کا شکریہ ادا کیا اور علاقے سے جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

## لیاقت آباد ٹاؤن کے حق پرست جنرل کونسلر اور لیبر ڈویژن کے کارکن کے والد، کورنگی سیکٹر کے کارکن کے بھائی اور ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے بزرگ کارکن سید ثقلین زیدی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔23، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے بزرگ کارکن سید ثقلین زیدی، لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست جنرل کونسلر زاہد وحید کے والد عبدالوحید خان، ایم کیو ایم لیبر ڈویژن نیشنل بنک کے کارکن مدثر کے والد ملک سمیع اللہ اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن عبدالقادر کے بھائی عبدالغفار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)۔

☆☆☆☆☆